
# ہ نے چشمہ پہنا

## ٹیچرز گائیڈ


تحریر: رومانہ حسین

تصویریں: فاطمہ جمیل فیض

**ٹیچر کیلئے نوٹ**

کتاب ''ہ نے چشمہ پہنا'' میں یہ بات مد نظر رکھی گئی ہے۔ حالانکہ بچے ''ھ'' سے متعارف تو جلد ہوجاتے ہیں؛ یعنی پہلی جماعت یا پھر اس سے بھی پہلے . . . جب وہ حروف تہجی سیکھتے ہیں۔ لیکن اس کا استعمال یا الفاظ کا ذخیرہ بڑھانے کے لئے تیسری جماعت ہی مناسب ہے۔ چنانچہ یہ کتاب تیسری جماعت میں پڑھائی جائے تو اس سے خاطر خواہ نتیجہ نکلے گا اور بچے ''ھ'' کا استعمال اور ان سے بننے والے الفاظ کی مدد سے کتاب کی چھوٹی چھوٹی کہانیوں کا لطف لیں گے۔

**تیاری**

- کتاب میں دیئے گئے سارے حروف کے علیحدہ علیحدہ کارڈ بنائیں۔ جو کتاب میں دیئے گئے ہیں۔ یعنی ''ھ'' سے بننے والے 10 حروف دیئے گئے ہیں۔

بھ    پھ    تھ    ٹھ

چھ    جھ    دھ    ڈھ

کھ    گھ

- ہر کارڈ پر ان حروف کی ہجے بھی لکھیں۔ یعنی:-

ب + ھ

بـ + ھ

بھ

# سیشن 1

- ٹیچر ساتھ لائے ہوئے دس کارڈ اپنے سامنے میز پر رکھ لیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ آج ایک دلچسپ کام کریں گے۔ یعنی منہ سے ایسی آوازیں نکالیں گے جس میں ''ھ'' کی آواز شامل ہوگی۔ ان سے پوچھیں کہ آیا انہوں نے پہلے کبھی ''ھ'' کی کہانی سنی ہے؟ اگر کسی کو یاد ہے تو سنائے اور اگر نہیں تو آپ سنائیں۔

## ''ھ'' کی کہانی

بچو ! تین بھائی تھے۔ ان کی آوازیں بالکل ایک جیسی تھیں۔ ایک کا نام تھا ''حلوے والی ح'' دوسرے کا نام تھا ''ہاتھی والی ہ'' اور تیسرے کا نام ''دو چشمی ھ'' تھا۔ تینوں مل کر خوب شور مچاتے تھے۔ ان کے دوستوں نے انہیں کئی بار منع کیا کہ اتنا شور مت مچایا کرو۔ حلوے والی ح اور ہاتھی والی ہ تو مان گئے لیکن ھ نے بات نہ مانی۔ سارے دوست اس سے ناراض ہوگئے۔ نہ کوئی اس سے بات کرتا نہ کھیلتا۔ اب بے چارہ ''ھ'' بہت پریشان ہوا۔ اس نے اپنے دوستوں کو منانے کی کوشش کی اور ان سے وعدہ کیا کہ اب میں کبھی شور نہیں مچاؤں گا۔ کچھ دوستوں نے اس کی بات سننے سے بالکل انکار کردیا لیکن کچھ دوست ایسے بھی تھے جنہوں نے کہا کہ ایک شرط پر ہم تمہاری بات ماننے کیلئے تیار ہیں کہ اگر تم ہماری آواز میں اپنی آواز ملا کر ایک اچھی اور نئی آواز بنانے کا وعدہ کرو۔ یعنی نہ تمہاری اصل آواز نہ ہماری۔ یہ ایک بالکل نئی آواز ہوگی۔ بے چارہ ھ کیا کرتا! اس کو اپنے دوستوں کی شرط ماننا ہی پڑی۔ (ھ کی یہ کہانی ناہید حسن کی لکھی ہوئی ہے)۔

- اب ٹیچر میز پر رکھے ہوئے کارڈ اٹھاتی جائیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ صحیح آواز نکالیں اور بتائیں کہ ھ کے یہ دوست کون کون سے تھے؟ (بعد میں یہ کارڈ سوفٹ بورڈ پر لگادیں)۔

گھر کا کام

- کتاب ہ نے چشمہ پہنا کے جتنے بھی صفحے پڑھ سکتے ہوں' پڑھ کر آئیں۔ کم از کم 4 صفحات ضرور پڑھیں۔

## سیشن 2

- ٹیچر سب سے پہلے آپ خود بھ کی آواز پڑھ کر سنائیں۔ پھر بچوں سے پوچھیں کہ انہیں کہانیاں پڑھ کر ھ سے شروع ہونے والے مختلف الفاظ کے استعمال میں مزہ آیا یا نہیں۔ اب چار بچوں سے باری باری بھ، پھ، تھ اور ٹھ پڑھوائیں۔ جب ''بھ'' پڑھ لیں تو ان سے پوچھیں کہ آیا کوئی لفظ ایسا تو نہیں ہے جو ان کی سمجھ میں نہ آیا ہو؟ اگر ایسا ہے تو اس کے معنی تفصیل سے سمجھائیں۔ اسی طرح بھ، تھ اور ٹھ پڑھائے جائیں اور نئے الفاظ سمجھائیں۔ ساتھ ساتھ ایسے الفاظ سے زبانی جملے بھی بنوائیں۔

گھر کا کام

- بھ، پھ، تھ اور ٹھ کی کہانیوں کو دوبارہ پڑھیں اور چاہیں تو ان ہی کہانیوں کو آگے بڑھائیں یا پھر اپنی طرف سے نئی کہانیاں بنائیں۔ دونوں صورتوں میں دو چشمی ہ سے شروع ہونے والے کم از کم تین نئے الفاظ ضرور شامل ہوں۔

## سیشن 3

- بچوں کی لائی ہوئی کہانیوں کو ان سے بلند آواز میں پڑھوائیں اور سب ان کہانیوں کا لطف لیں۔ اگر کسی نے کوئی نیا یا مشکل لفظ استعمال کیا ہو تو اس کے بارے میں بات کریں۔

گھر کا کام

- مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی معلوم کریں اور لکھیں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو صرف الفاظ لکھیں۔
  جھاڑن چھولے دھم ڈھنگ جھکڑ چھاچھ دھیلا ڈھانپ جھنجھلا دھینگامشتی

## سیشن 4

- اگر بچوں نے کچھ الفاظ اور معنی لکھے ہیں تو ان کے صحیح یا غلط معنوں کا فیصلہ کریں۔اب آپ بورڈ

پر ان کے معنی لکھیں تاکہ جن بچوں کو معنی نہیں معلوم وہ بھی انہیں لکھ لیں۔ اب جھ، چھ، دھ اور ڈھ کی کہانیوں کو چار بچوں سے علیحدہ علیحدہ پڑھوائیں۔

گھر کا کام

- کھ اور گھ گھر سے پڑھ کر آئیں۔

## سیشن 5

- بچوں سے مندرجہ ذیل سوالات کریں۔
  (1) بچے کہاں کھیل رہے تھے؟
  (2) کھنڈر کیا ہوتا ہے؟
  (3) انہیں وہاں کیا نظر آیا؟
  (4) بچوں نے پھر کیا کیا؟
  (5) کھچڑی کیسے بنتی ہے؟
  (6) ''گھپ اندھیرا'' کسے کہتے ہیں؟
  (7) ''گھوڑے بیچ کر سونے'' کا کیا مطلب ہے؟
  (8) ''گھن گرج'' کی آواز کیسے ہوتی ہے؟
  (9) کبھی آپ نے گھی میں گڑ گھول کر کھایا ہے؟
  (10) یہ دونوں کہانیاں کیسی لگیں؟

- کوشش کریں کہ بچے ایک ایک کر کے جوابات دیں۔ سب اکٹھے نہ بولیں۔ باقی بچے جوابات تحمل سے سنیں اور یہ پیریڈ اسی میں صرف کریں۔

گھر کا کام

- کتاب ہ نے چشمہ پہنا میں جتنے ایسے الفاظ ہیں جن کے معنی آپ کو اب بھی نہیں معلوم ہیں ان الفاظ کو گھر سے لکھ کر لائیں۔

## سیشن 6

- بچوں کے بتائے ہوئے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں کو معنی سمجھائیں اور جملوں میں استعمال کروائیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| بھیس | پھلانگ | تھم تھم | ٹھونسا | جھکڑ |
| چھاچھ | دھینگامشتی | ڈھنگ | کھنڈر | گھن.گرج |

## سیشن 7

- بچوں سے کاپیاں لے کر جانچیں۔ ان سے کہیں کہ وہ کہانی لکھیں اور اس میں زیادہ سے زیادہ دو چشمہ ہ والے الفاظ کا استعمال کریں۔ کتاب کا کام یوں ختم ہوگیا ہے۔ آپ اب ''ھ'' کے الفاظ بنانے اور استعمال کرنے کی مشق گاہے بہ گاہے سارا سال دیں تو بچے کئی نئے الفاظ سیکھ لیں گے۔ یہی اس کتاب کا مقصد ہے۔

# ہ نے چشمہ پہنا

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی

مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز

ہم German Speaking Women's Club, Karachi کے شکرگزار ہیں
جن کے تعاون سے کتاب اور اس کی ٹیچرز گائیڈ شائع ہوئی۔

bookgroup
[illegible], Block 2, PECHS, Karachi. Phone [illegible]
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk